# جغرافیہ

## جوابات : مشقی سوالیہ پرچہ 1

**سوال 1.**

(1) بھارت کو تقریباً 7,500 کلومیٹر لمبا ساحلی علاقہ دستیاب ہے۔

(2) برازیل کے عظیم عمودی چٹان کے ساحلی علاقے میں مزاحمتی بارش ہوتی ہے۔

(3) برازیل کی معیشت بالخصوص وہاں کے ثلاثی پیشے پر منحصر ہے۔

(4) بھارت میں منتشر قسم کی بستیاں پہاڑی علاقے میں پائی جاتی ہیں۔

**سوال 2.**

(1) بھارت کا میدانی علاقہ — زرخیز مٹی — زراعت کی ترقی

(2) سوانا — خشک دشوار گزار گھاس — برازیل کی بلند زمین

(3) بھارت کی نقدی فصل — چائے — ریاستِ کیرالا

(4) ممبئی — بین الاقوامی سیاحتی مقام — گیٹ وے آف انڈیا

**سوال 3.**

(1) صحیح


(2) غلط

(3) صحیح

(4) صحیح

(5) صحیح

سوال 4. (A)




اشاریہ :

| نمبر شمار | نشان اور علامات | بیان |
|---|---|---|
| (1) | | مہاراشٹر |
| (2) | | دریائے نربدا |
| (3) | | سرد ریگستان |
| (4) | | ایک سینگ والا گینڈا |
| (5) | | تامل ناڈو – جنوب کی گنجان آبادی والی ریاست |
| (6) | | ممبئی – اہم بندرگاہ |

سوال 4. (B)

(1) برازیل کے دریائے امیزان کی وادی میں زیادہ بارش ہوتی ہے۔

(2) برازیل کی طرف جنوب مشرق اور شمال مشرق کی سمتوں سے ہوائیں آتی ہیں۔

(3) ان ہواؤں کو عظیم عمودی چٹان اور برازیل کی بلندزمین کی رکاوٹ کا سامنا ہوتا ہے۔

(4) پیراگوئے-پیرانا دریا کی وادی میں اوسط درجۂ حرارت کم ہے۔

(5) برازیل میں خط استوا کے قریب کے علاقے میں درجۂ حرارت زیادہ پایا جاتا ہے۔

سوال 5.

(1) (ا) زراعت کی ترقی، صنعتوں کا فروغ، تعلیم کا پھیلاؤ، آمدورفت کی سہولتوں میں اضافہ، تعلیمی سہولتوں کی دستیابی وغیرہ اسباب سے بھارت میں نئے نئے شہر وجود میں آرہے ہیں۔

(۲) ان شہروں میں روزگار کے مواقع بڑے پیمانے پر حاصل ہیں۔

(۳) ان شہروں میں بھارت کے مختلف علاقوں سے نقل مکانی کر کے لوگ آباد ہوتے جارہے ہیں۔اس لیے بھارت میں شہر کاری میں اضافہ ہورہا ہے۔

(2) (ا) علاقائی سیر کے دوران ہم کھانے کی چیزیں، پانی کی بوتل، کاغذ کی تھیلیاں وغیرہ لے جاتے ہیں۔ان کو استعمال کے بعد ادھر ادھر ڈال دینے سے کچرا پھیلتا ہے۔

(۲) کچرے سے آلودگی پیدا ہوتی ہے اور ماحول خراب ہوتا ہے۔

(۳) علاقائی سیر کے دوران نظم وضبط قائم رکھنا ضروری ہے، اس لیے علاقائی سیر کے دوران کچرے کا انتظام کرنا بھی ضروری ہے۔

(3) (ا) کسی بھی ملک کی معاشی اور سماجی ترقی کا انحصار اس ملک کی آبادی اور آبادی کے معیار پر ہوتا ہے۔

(۲) اگر کسی ملک کی آبادی حد سے زیادہ ہو اور اس کا معیار پست ہو تو اس کی سماجی اور معاشی ترقی کی رفتار سُست ہوتی ہے۔


(۳) کسی ملک کی آبادی کافی ہو اور آبادی کا معیار بھی اونچا ہو تو معاشی اور سماجی ترقی تیز رفتاری سے ہوتی ہے۔اس بنا پر کہا جاسکتا ہے کہ آبادی ایک اہم وسیلہ ہے۔

(4) (ا) بھارت میں خصوصاً جنوب مغربی موسمی ہواؤں کی وجہ سے بارش ہوتی ہے۔یہ جنوب مغربی موسمی ہوائیں بھارت کے جنوب سے بھارت میں داخل ہوتی ہیں اور رفتہ رفتہ شمال کی طرف بڑھتی ہیں۔

(۲) بھارت کی سرزمین پر بہنے والی یہ جنوب مغربی موسمی ہوائیں ہمالیہ کے شوالک اور ہماچل کے سلسلوں سے ٹکرا کر واپس بحر ہند کی طرف پلٹتی ہیں۔

(۳) شمال مشرق کی سمت سے بحر ہند کی جانب پلٹنے پر ان شمال مشرقی مانسونی ہواؤں کی وجہ سے بھارت کے جزیرہ نما حصے پر دوبارہ مانسون کی واپسی کی بارش ہوتی ہے۔اس طرح شمال مشرقی مانسونی ہواؤں کی وجہ سے بھی بھارت میں بارش ہوتی ہے۔

سوال 6. (A)




(1) سالانہ فرق ۱۰ سال ہے۔

(2) ۱۹۶۱ء تا ۱۹۷۱ء کی دہائی کے دوران شہرکاری کی رفتار کم ہے۔

(3) ۱۹۷۱ء تا ۱۹۸۱ء کی دہائی کے دوران شہرکاری کی رفتار سب سے زیادہ ہے۔

یا

سوال 6. (B)

(1) بھارت – عمر اور جنس، اہرامی ترسیم۔

(2) سب سے زیادہ آبادی ۱۰ تا ۱۴ سال کی عمر کے گروہ کی ہے۔

(3) Y-محور پر دیے ہوئے عمر کے گروہ میں درجاتی فاصلہ ۴ ہے۔

(4) ۶۰ سال سے زیادہ عمر کے گروہ میں عورتوں کا تناسب زیادہ ہے۔

(5) ۵۵ تا ۵۹ سال کی عمر کے گروہ میں عورتوں کا تناسب ۲٫۰ فی صد ہے۔

(6) ۱۰ تا ۱۴ سال کی عمر کے گروہ کے بعد کی آبادی میں کمی ہوتی ہوئی دکھائی دے رہی ہے۔

**سوال 7.**

**(1)** (۱) بھارت کے ہمالیائی پہاڑی سلسلے میں جنگلات پائے جاتے ہیں۔ان کو بھارت کے ہمالیائی جنگلات کہا جاتا ہے۔ بھارت کے ہمالیہ میں بلندی کے لحاظ سے جنگلات کی تین قسمیں ہیں۔

(۲) ہمالیہ کے انتہائی بلند علاقوں میں آب وہوا انتہائی سرد ہوتی ہے۔اس علاقے میں موسمِ گرما میں تھوڑی برف پگھلتی ہے۔اس لیے یہاں گرمی کے موسم میں موسمی رنگ برنگے پھولوں والے پودے اگتے ہیں۔

(۳) ہمالیہ کے اوسط بلندی کے علاقوں میں پائن، دیودار، فر جیسے صنوبری درختوں کے جنگلات پائے جاتے ہیں۔ان درختوں کے پتے نوکیلے اور تکونی شکل کے ہوتے ہیں۔اس لیے ان پتوں پر گرنے والی برف پھسل کر نیچے گر جاتی ہے۔

(۴) ہمالیہ کے کم اونچائی یعنی اس کے دامن کے علاقے میں صنوبری اور پت جھڑی درخت والے مخلوط جنگلات پائے جاتے ہیں۔ان جنگلات میں سال کے درختوں کا تناسب زیادہ پایا جاتا ہے۔

**(2)** (۱) علاقائی سیر سے مختلف مقامات کی معلومات حاصل ہوتی ہے۔ان مقامات کی زمینی شکلیں، موسم، آب و ہوا وغیرہ کا مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔

(۲) مثال : علاقائی سیر سے معلوم ہوتا ہے کہ سطح سمندر سے قریب کے مقامات کا درجۂ حرارت نسبتاً زیادہ اور سطح سمندر سے بلندی پر واقع مقامات کا درجۂ حرارت نسبتاً کم ہوتا ہے۔اس کا ذاتی تجربہ حاصل ہوتا ہے۔

(۳) علاقائی سیر کے دوران مقامی لوگوں سے بات چیت کرنے سے ان کی غذا، لباس، تہذیب وتمدن کا علم ہوتا ہے۔

(۴) مثال : ساحل سمندر کے قریب رہنے والے لوگوں کی غذا میں مچھلی اور چاول کے شامل ہونے کا علم ہوتا ہے۔

**(3)** آزادی کے بعد بھارت اور برازیل کو مندرجہ ذیل اہم مسائل کا سامنا کرنا پڑا :

(۱) آزادی کے بعد کے پہلے بیس سالوں کے دوران بھارت کو تین جنگوں کا سامنا کرنا پڑا۔

(۲) بھارت کی مختلف ریاستوں میں لوگوں کو قحط سالی کا سامنا کرنا پڑا۔

(۳) آزادی کے بعد بھارت کو مختلف مالیاتی مسائل، معاشی ترقی کی سست رفتاری وغیرہ مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔

(۴) آزادی کے بعد برازیل کو مختلف قسم کے مالیاتی مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔

★★★